**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبرا۔ سورۃ الفیل ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ الفیل

سوال نمبر ۲۔ قرآنِ حکیم میں پچھلی قوموں کا ذکر کیوں کیا گیا ہے؟ حضرت صالح علیہ السلام

تاکہ لوگ ان سے عبرت اور سبق حاصل کریں، اپنی اصلاح کریں اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی نافرمانی سے بچیں۔

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبرا۔ سورۃ الماعون ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ الماعون

سوال نمبر ۲۔ قومِ نوحؑ کے پانچ بزرگوں کے نام بتایئے؟

ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبرا۔ سورۃ النصر ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ النصر

سوال نمبر ۲۔ معجزہ کسے کہتے ہیں؟ حضرت صالح علیہ السلام

اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی طرف سے ایسی نشانی جو انسانی عقل کو عاجز کر دے اور نبی کے سچا ہونے کو واضح کر دے۔

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبرا۔ سورۃ الفلق ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ الفلق

سوال نمبر ۲۔ حضرت ھودؑ کس کی نسل سے تھے؟

حضرت نوحؑ کے بیٹے سام کی نسل سے تھے۔

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبرا۔ سورۃ اللھب ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ اللھب

سوال نمبر ۲۔ قومِ عاد کو قومِ ارم کیوں کہا جاتا ہے؟

کیونکہ کہ وہ لمبے لمبے ستونوں والے محل بناتے تھے۔

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ سورۃ الکافرون ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ الکافرون

سوال نمبر ۲۔ شرک کسے کہتے ہیں؟ حضرت ھود علیہ السلام

کسی کو کسی بھی اعتبار سے اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے برابر کر دینا۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے ساتھ دوسروں کی عبادت کرنا۔

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ سورۃ قریش ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے۔ سورۃ قریش

سوال نمبر ۲۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے ہمیں جو بے شمار نعمتیں عطا فرمائی ہیں اُن میں سے چند کو بیان کیجیے۔ سورۃ قریش

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے ہمیں قرآنِ حکیم دیا، آخری رسول صلی اللہ علیہ وسلم دیا، ایمان دیا، ہدایت دی، والدین دیئے، اساتذہ دیئے، بہن بھائی دیئے، رشتے دار دیئے، صحت و تندرستی دی، قسم قسم کے پھل، اناج، اور رنگارنگ کے کھانے، گھر دیے اور لاتعداد نعمتیں عطا فرمائیں۔

**دوسرا دن۔ پانچواں راؤنڈ**

سوال نمبر ا۔ سورۃ الفاتحہ ترجمہ کے ساتھ زبانی سنایئے؟ سورۃ الفاتحہ

سوال نمبر ۲۔ شیطان کے حوالہ سے اللہ نے سارے انسانوں کو کیا ہدایت فرمائی؟ حضرت آدم علیہ السلام

اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے سارے انسانوں کو ہدایت فرمائی کہ شیطان تمہارا دشمن ہے تم اُس سے ہوشیار رہنا۔ وہ تمہیں بہکائے گا۔